BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

برامپٹن میں ایئر کینیڈا کی فلائیٹ 621 کو پیش آنے والے حادثے کی پچاسویں برسی کے موقع پر سٹی سانحہ کی یاد تازہ کرے گا

برامپٹن، آن (25 جون 2020) – بروز اتوار، 5 جولائی کو صبح 11 بجے، سٹی آف برامپٹن مشرقی برامپٹن میں ایئر کینیڈا کی فلائیٹ 621 کو پیش آنے والے افسوس ناک حادثے کی پچاسویں برسی کے موقع پر اس دلخراش سانحہ کی یاد تازہ کرے گا۔ اس سانحے کا شکار ہونے والے لوگوں کو ایک آن لائن ویڈیو تقریب کے ذریعے خراج تحسین پیش کیا جائے گا اور سٹی آف برامپٹن کی تمام سہولت گاہوں پرموجود پرچم سرنگوں رہیں گے۔

اس تقریب کو www.brampton.ca/bramptonremembers اور یوٹیوب، ٹوئٹر اور فیس بک پر مہیا کیا جائے گا۔

کمیونٹی www.brampton.ca/bramptonremembers پر ایک آن لائن گیسٹ بک میں پیغامات، یادیں اور تعزیتی پیغامات شیئر کر سکتی ہے۔

پرپل لِیلیک میموریل پارک

حادثے کے بعد 50 سال گزرنے پر اور اس جاں بحق ہونے والے افراد کو خراج پیش کرنے کے لیے، پرپل لیلیک پارک کا نام تبدیل کر کے پرپل لیلیک میموریل پارک رکھ دیا گیا ہے، جو حادثے کی جگہ، 72 ڈگری ڈرائیو پر واقع ہے۔ پارک میں لیلیک کے پھول کھِلتے ہیں، جہاں راستے پر ہر شخص کی تعظیم میں گرینائیٹ کے 109 پتھر لگائے گئے ہیں۔ گرینائیٹ کی ایک بڑی چٹان پر ایک یادگاری تختی پر جاں بحق ہونے والے افراد کے نام موجود ہیں۔

سٹی اس پارک کو اونٹاریو ہیریٹیج ایکٹ کے تحت ایک ثقافتی وراثتی وسیلے کے طور پر متعین کرنے کے عمل میں ہے۔

پس منظر

مؤرخہ 5 جولائی 1970 کو ایئر کینیڈا فلائیٹ کی 621، جو ایک ڈوگلاس DC-8 ہوائی جہاز کے ذریعے رواں دواں تھی، کیسل مور گاؤں، جو اب کیسل مور روڈ اور مک وین ڈرائیو، ہے، میں ایک کھیت میں جا گری۔ جہاز مونٹریئیل سے لاس اینجلس ایٹرنیشنل ایئرپورٹ جاتے ہوئے ٹورانٹو انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ایک طے شدہ وقفے کے لیے اترنے کی کوشش کر رہا تھا۔

فلائیٹ میں سوار تمام 109 افراد، بشمول 100 مسافر اور عملے کے نو اراکین، جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ حادثے کے وقت، ایئر کینیڈا کی فلائیٹ 621 کینیڈا کا دوسرا جان لیوا ترین فضائی حادثہ تھا۔ یہ اب بھی پوری دنیا میں کینیڈینز کے حامل بدترین فضائی حادثوں میں سے ایک ہے۔ جاں بحق ہونے والے افراد میں مونٹریئیل اور وین کوور سے تعلق رکھنے والے کینیڈینز اور امریکی شامل تھے۔ فلائیٹ 621 میں جاں بحق ہونے والے انچاس شناخت کردہ اور تین غیر شناخت کردہ افراد ٹورانٹو میں ماؤنٹ پلیزنٹ سیمٹری میں مدفون ہیں۔ حادثے کے شکار ہونے والے تمام افراد کو تلاش نہیں کیا جا سکا۔

ایئر کینیڈا کی فلائیٹ 621 حادثے اور سٹی کی یادگاری تقریب کے متعلق مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca/bramptonremembers ملاحظہ فرمائیں۔

اقتباسات

"پچاس سال پہلے، ایئر کینیڈا کی فلائیٹ 621 برامپٹن میں حادثے کا شکار ہو کر گر گئی تھی، جس نے کئی افراد کی زندگیاں بدل دیں۔ یہ دردناک یادداشت برامپٹن کی تاریخ کا ایک بڑا حصہ ہے۔ کووِڈ-19 کی وجہ سے نافذ شدہ جسمانی فاصلہ بندی کے سخت اقدامات کی وجہ سے، ہم موقع پر پرپل لیلیک میموریل پارک میں یادگاری تقریب کا انعقاد نہیں کر سکتے۔ میں آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ آپ اس سانحے میں کھو جانے والی جانوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے 5 جولائی کو آن لائن یادگاری تقریب میں ہمارے ساتھ شامل ہوں۔"

Media Release

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"ایئر کینیڈا کی فلائیٹ 621 کا حادثہ ایک دردناک واقعہ ہے، جسے برامپٹن کبھی نہیں بھولے گا۔ ہمارے ساتھ 5 جولائی کو آن لائن شامل ہوں، جہاں ہم کھو جانے والی جانوں اور تمام متاثرہ لوگوں کو خراج پیش کریں گے۔ میں آپ کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ آپ خود یا اپنے خاندان کے ساتھ پرپل لیلیک میموریل پارک کو جائیں۔"

- *پیٹ فورٹینی، ریجنل کونسلر وارڈز 7 اور 8، سٹی آف برامپٹن*

"ایئر کینیڈا فلائیٹ 621 کے سانحہ انگیز حادثے کو 50 سال گزر چکے ہیں اور برامپٹن ابھی تک اسے بھولا نہیں ہے۔ چونکہ ہم موقع پر اس یادگاری تقریب کو منعقد نہیں کر سکتے، پرپل لیلیک میموریل پارک جاں بحق ہونے والے افراد کو ایک خوبصورت خراج ہے۔ براہ کرم تقریباتی ویڈیو کو دیکھنے اور گیسٹ بُک پر دستخط کرنے کے لیے 5 جولائی کو www.brampton.ca/bramptonremembers ملاحظہ کریں۔"

- *شارمین ولیمز، سٹی کونسلر، وارڈز 7 اور 8، سٹی آف برامپٹن*

"اگرچہ کہ ایئر کینیڈا کی فلائیٹ 621 حادثے کی پچاسویں برسی پر یاد منانے کے لیے ہم ذاتی طور پر جمع نہیں ہو سکتے، مگر یہ بات اہم ہے کہ ہم اس تقریب کو یاد رکھنا جاری رکھیں۔ سٹی کے عملے نے اس حادثے کی یاد منانے کے لیے ایک تقریباتی ویڈیو، ایک گیسٹ بُک اور مزید بہت کچھ چیزوں کی حامل ایک آن لائن ہب تیار کی ہے۔ تقریباتی ویڈیو کھو جانے والی زندگیوں، اس افسوس ناک واقعے سے ابھی بھی متاثر رہنے والے لوگوں، ابتدائی ردعمل کے عملے، مسافروں اور فلائیٹ کے عملے کے خاندانوں اور اس علاقے میں اس وقت رہنے والے لوگوں کو اعزاز پیش کرتی ہے۔"

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca